کل نمبر50 | **ماڈل پیپر: مطالعہ پاکستان سیکنڈ ائیر** | کل وقت 2: گھنٹے

نمبر10 | حصہ اول | وقت15: منٹ

**سوال نمبر1۔ مندرجہ ذیل میں سے درست جواب کا انتخاب کریں۔**

۱۔ ہندوستان میں تحریک خلافت کے زور ٹوٹنے کی بنیادی وجہ تھی:

A. موپلا قبائل کی بغاوت  A. چوری چورا کا واقعہ  C. ترکی میں خلافت کی بحالی  D. ترکی کی خلافت کے خاتمے کا اعلان

۲۔ ہندوستان کی تقسیم کے وقت بھارت نے جس علاقے پر زبردستی قبضہ کر لیا تھا۔ وہ علاقہ تھا:

A. مرشد آباد  B. پٹھان کوٹ  C. فیروزپور  D. جوناگڑھ

۳۔ 24-2023 میں پاکستان کی کل درآمدات کا حجم تھا تقریباً۔

A. 20 ارب ڈالر  B. 30 ارب ڈالر  C. 40 ارب ڈالر  D. 50 ارب ڈالر

۴۔ پاکستان کے پہلے پانچ سالہ ترقیاتی منصوبے میں 20 لاکھ افراد کیلئے حدف رکھا گیا۔

A. پرائمری تعلیم کی فراہمی کا  B. قرضوں کی فراہمی کا  C. روزگار کی فراہمی کا  D. صاف پانی کی فراہمی کا

۵۔ زمین پر کھینچے جانے والا فرضی خط "طول بلد" سورج کے سامنے گزرنے میں وقت لیتا ہے۔

A. دو منٹ  B. چار منٹ  C. چھ منٹ  D. آٹھ منٹ

۶۔ انسانوں سے متعلق معلومات فراہم کرنے والے نقشے کہلاتے ہیں۔

A. معاشی نقشے  B. طبعی نقشے  C. علاقائی نقشے  D. ثقافتی نقشے

۷۔ پنجابی زبان نے جس زبان کا اصل رسم الخط اختیار کیا وہ زبان ہے۔

A. اردو  B. فارسی  C. عربی  D. گورمکھی

۸۔ پاکستان میں وفاقی شرعی عدالت کے ججوں کا تقرر کرتا ہے۔

A. صدر  B. وزیراعظم  C. چیف جسٹس سپریم کورٹ  D. پارلیمنٹ

۹۔ تقسیم ہند کے وقت ہندوستان میں چھوٹی بڑی ریاستیں تھیں۔

A. 362  B. 462  C. 562  D. 662

۱۰۔ پاکستان کے آٹھویں پنج سالہ ترقیاتی منصوبے میں شرح خواندگی میں اضافے کا حدف رکھا گیا۔

A. 48فیصد  B. 52فیصد  C. 56فیصد  D. 60فیصد

# ماڈل پیپر: مطالعہ پاکستان سیکنڈ ائیر

وقت: ۱گھنٹہ ۴۵منٹ | حصہ دوم | نمبر: ۲۴

**سوال نمبر۲۔ کوئی سے چھ اجزاء کے جوابات تحریر کریں۔**

i۔ تحریکِ عدم تعاون کے چار اہم عملی اقدامات لکھیں۔ (1+1+1+1=4)

ii۔ تقسیم ہند کے وقت جونا گڑھ کی ریاست کے الحاق کے مسئلہ پر چار حقائق تحریر کریں۔ (1+1+1+1=4)

iii۔ پاکستان میں 1977 کے فوراً بعد نفاذ اسلام کیلئے کی جانے والی چار اہم قانونی اور عدالتی اصلاحات بیان کریں۔ (1+1+1+1=4)

iv۔ حضرت عمر فاروق کے دور میں عمال کی تقرری کے وقت عمال سے کیے جانے والے چار عہد تحریر کریں۔ (1+1+1+1=4)

v۔ پشتو زبان میں پائے جانے والے دو بنیادی لہجوں کے فرق کا موازنہ دو نکات کے حوالے سے کریں۔ (1+1+1+1=4)

vi۔ پاکستان اور بھارت نے پانی کے مسئلہ کے حل کے لیے کب اور کس معائدے پر دستخط کئے؟ 1972 کے پاک بھارت شملہ معاہدہ سے دونوں ممالک کو ہونے والے دو اہم فوائد تحریر کریں۔ (1+1+1+1=4)

vii۔ 1986ء میں قائم ہونے والی "مسلم ایجوکیشنل کانفرنس" کے قیام کے چار اہم مقاصد بیان کریں۔ (1+1+1+1=4)

viii۔ ECO کس کا مخفف ہے؟ اس تنظیم کے تین اہم مقاصد لکھیں۔ (1+1+1+1=4)

حصہ سوم | کل نمبر 16

**نوٹ: درجہ ذیل میں سے کوئی سے دو سوالات کے مفصل جوابات تحریر کریں۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔**

سوال نمبر3۔ لیاقت علی خان نے قرارداد مقاصد کب اسمبلی میں پیش کی؟ اس قرارداد کے سات اہم نکات بیان کریں۔ (1+1+1+1+1+1+1+1=8)

سوال نمبر4۔ پاکستان میں صنعتی شعبہ کئی وجوہات کی وجہ سے پسماندہ ہے۔ صنعتی ترقی کے لیے آٹھ اہم اقدامات کی وضاحت کریں۔ (1+1+1+1+1+1+1+1=8)

سوال نمبر5۔ پاکستانی شہریوں کو مساوی حقوق کے ساتھ ساتھ کچھ فرائض کا بھی پابند کیا گیا ہے۔ ایک پاکستانی شہری کے آٹھ اہم فرائض لکھیں۔ 1x8=8